Nestlé
Good Food, Good Life

پریس ریلیز

نیسلے کے 22 ملین ڈالرز لاگت کے مینوفیکچرنگ پلانٹ کا شیخوپورہ میں افتتاح

لاہور (8 اکتوبر 2019): گورنر پنجاب چودھری محمد سرور نے نیسلے پاکستان کی شیخوپورہ میں جدید ترین خطوط پر قائم کردہ مینوفیکچرنگ پلانٹ کا افتتاح کر دیا۔ نیسلے کی عالمی معیار پر تیار کردہ جوسز، نیکٹرز اور مشروبات کی وسیع ترین رینج 'نیسلے فروٹا وائیٹلز' کا پاکستان میں قائم کردہ نیا پلانٹ تقریباً 24,000 یونٹس فی گھنٹہ پیداواری صلاحیت کا حامل ہے اور 22 ملین ڈالرز کی خطیر لاگت سے قائم کردہ یہ پلانٹ نیسلے ادارے کی حالیہ تاریخ میں عالمی سطح پر بلند ترین سرمایہ کاری کا اعزاز رکھتا ہے۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے گورنر پنجاب چودھری محمد سرور نے کہا کہ ہم ملک میں عالمی تجارتی و کاروباری اداروں کی جانب سے سرمایہ کاری کے فروغ حامل سازگار ماحول کی ترویج کیلیے شب و روز کوشاں اور مکمل تندہی سے ملکی معیشت کے احیاء کیلیے مصروفِ عمل ہیں۔ یہ پہلو انتہائی قابلِ مسرت ہے کہ نیسلے جس کا شمار غذائی مصنوعات و مشروبات سازی میں دنیا کے صفِ اول کے اداروں میں ہوتا ہے پاکستان میں خطیر سرمایہ کاری کر کے قابلِ تقلید نظیر قائم کر رہا ہے۔

اپنے خطاب میں ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کرتے ہوئے گورنر پنجاب نے مزید کہا "میرے لیے یہ بات انتہائی طمانیت بخش ہے کہ نیسلے نے روزِ اول سے پاکستانی عوام کے لیے نت نئے مواقعوں کی تخلیق میں خصوصی دلچسپی و رغبت کا مظاہرہ کیا ہے اور نیسلے کی جانب سے کی گئی وافر سرمایہ کاری ملکی مستقبل پر بھرپور اعتماد اور یقین کا منہ بولتا ثبوت ہے۔"

اس موقع پر اپنے خطاب میں نیسلے پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب سامر شدید نے کہا کہ نیسلے کی جانب سے کی گئی سرمایہ کاری پاکستان اور ملکی ترقی کے امکانات پر اپنے مسلسل یقین و توثیق کا برملا اظہار ہے اور نو تعمیر کردہ پلانٹ کی بدولت ہماری چونسا ویلیو چین کا ادغام و انضمام ہمارے لیے انتہائی مسرت کا باعث ہے۔ ہم نے آم کی پیداوار و معیار میں اضافے کیلیے تقریباً 110 زرعی فارمز میں جدید پیداواری تکنیک اور ثمر آور زرعی ارجحانات متعارف کیے جہاں سے ہم چونسا آم حاصل کر رہے ہیں۔ چونسا ویلیو چین کی حالیہ پیوستگی ہماری "مشترکہ اقدار کی پیہم تخلیق" کے زریں اصول کی عکاس ہے جسکے طفیل ہم اس بات کی تصدیق و توثیق کرتے ہیں کہ ہماری تمام تر ادارتی، صنعتی، تجارتی و کاروباری سرگرمیاں اور مصنوعات نیسلے کی مسلسل ترقی و فروغ کے ساتھ ساتھ معاشرے کے ارتقاع و عوامی بہتری کیلیے انتہائی مثبت اور کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں۔

سامر شدید نے مزید کہا "ہم ملک میں تجارتی احیاء و بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ کیلیے حکومتی اقدامات کو تہہ دل سے سراہتے ہیں جنکی بدولت ورلڈ بینک کی حالیہ جاری کردہ رپورٹ میں پاکستان کو کاروباری افعال کی انجام دہی میں سازگار ماحول برپا کرنے کے حوالے سے قابلِ ذکر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے دنیا کے ٹاپ 20 ممالک میں شمار کیا گیا ہے۔ یہ کامیابی ملک میں مثبت کاروباری مسابقت کی ترویج، نجی سیکٹر کی ترقی و نمو کیلیے بھرپور معاونت کی فراہمی اور تجارتی و کاروباری اداروں کی راہ میں حائل انضباطی و انتظامی بار کی تخفیف کیلیے حکومتی وابستگی کی عین عکاس ہے۔"

نیسلے کا تعارف:

نیسلے دُنیا کی سب سے بڑی اشیائے خورد و نوش کی کمپنی ہے۔ یہ دنیا بھر میں 191 ممالک میں مصروفِ عمل ہے اور اس کے 328000 ایمپلائیز معیارِ زندگی کو بہتر بنانے اور زیادہ صحتمند مستقبل کے لیے کردار ادا کرنے کے نیسلے کے عزم پر اخلاص کے ساتھ کاربند ہیں۔ نیسلے وسیع پیمانے پر محیط مصنوعات اور خدمات فراہم کرتی ہے جو لوگوں اور اُن کے پالتو جانوروں کے لیے تاحیات استفادے کا ذریعہ بنتی ہیں۔

مزید معلومات کے لیے رابطہ کیجیے:

عاتکہ میر خان

پبلک افیئرز مینیجر، نیسلے پاکستان

موبائل نمبر: 042-35988119

ای میل: aatekahahmad.mirkhan@PK.nestle.com